© rasailojaraid.com

عہد صحابہ و تابعین اور عہد تبع تابعین سے لیکر مختلف زمانوں میں تفسیر کے مختلف مناہج اور ان کے ارتقاء کو ذکر کیا گیا ہے۔

③ باب سوم کی فصل اول میں ہندوستان میں تفسیر کا فن کب آیا؟ اور برصغیر میں تفسیر کی ابتداء وارتقاء اور مشہور مفسرین کے کارناموں کا ذکر ہے۔ اور اس کی فصل ثانی میں برصغیر کے مشہور و معروف مفسرین کے تراجم و تفاسیر کا مختصر تعارف و جائزہ پیش کیا گیا ہے۔

④ باب چہارم میں برصغیر میں قرآن فہمی اور تفسیر کے میدان میں مختلف مکاتب فکر کی خدمات اور ان کے تفسیری افکار و نظریات کا ذکر ہے، اس باب کو پندرہ فصلوں میں تقسیم کیا گیا ہے، جن کے عنوانات یہ ہیں :

☆ حضرت شاہ ولی اللہؒ مکتب فکر' ان کے مناہج و تفسیری افکار' اس مکتب فکر کے مشہور مفسرین و مترجمین کی تفسیری خدمات۔

☆ تفسیر کے میدان میں دیوبندی علماء کی خدمات' ان کا منہج' مشہور مفسرین و مترجمین اور ان کی تفسیری خصوصیات و امتیازات۔

☆ مولانا حسین علی مکتب فکر، ان کا منہج' اس مکتب فکر کے مشہور و معروف مترجمین و مفسرین اور ان کی تفسیری خدمات۔

☆ مولانا عبید اللہ سندھی مکتب فکر، ان کا منہج تفسیر اور قرآنی فکر انقلاب۔

☆ مولانا ابوالکلام آزاد تفسیر اور فہم قرآن کے میدان میں ان کا منہج و تفردات۔

☆ مولانا عبدالحق حقانی، تفسیر اور فہم قرآن میں ان کا منہج، سرسید پر ان کی عالمانہ تنقید۔

☆ مولانا احمد رضا خان، مکتب فکر، تفسیر قرآن میں ان کا منہج، تفردات مشہور مفسرین و مترجمین۔

☆ مولانا حمید الدین فراہی مکتب فکر، تفسیر میں ان کا طریقہ کار، اس مکتب فکر کی تفسیر میں امتیازات و تفردات۔

☆ مولانا سید ابوالاعلیٰ مودودی مکتب فکر، فہم قرآن و تفسیر میں ان کی کاوش، تفسیری خصوصیات و تفردات۔

☆ مولانا وحید الدین خان کے تفسیری تفردات۔

☆ برصغیر میں اہل حدیث مکتب فکر، تفسیری افکار، منہج، خدمات اور خصوصیات۔

☆ سرسید احمد خان کی قرآنی سوچ، بحیثیت مفسر ان کی کارکردگی، تفردات اور ان پر علماء کی تنقید۔

☆ غلام احمد پرویز مکتب فکر' تفسیر اور فہم قرآن میں ان کا منہج' ان کے تفسیری تفردات پر اہل حق کی تنقید۔

☆ غلام احمد قادیانی مکتب فکر، تفسیر قرآن میں اس مکتب فکر کے فکری تفردات۔

☆ مولوی محمد علی (لاہوری، مرزائی گروپ) تفسیر قرآن میں ان کا منہج' فکری تفردات۔

یہ کتاب ایک عمدہ کاوش ہے اور اپنے موضوع پر انتہائی مفید و سودمند، برصغیر پاک و ہند میں پیدا ہونے والے مختلف تفسیری مناہج و افکار کے مطالعہ میں معاون و مددگار ثابت ہوگی۔ البتہ زبان کے حوالے سے کسی اردو داں سے نظر ثانی کرا لینا بہتر ہے اور کمپوزنگ و تصحیح پر بھی مزید توجہ دینے کی ضرورت ہے۔ ہماری رائے میں اس کے حواشی و

© rasailojaraid.com